سبق: 7

برسات کی بہاریں



ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں
سبزوں کی لہلہاہٹ، باغات کی بہاریں
بوندوں کی جھجھماہٹ، قطرات کی بہاریں
ہر بات کے تماشے، ہر گھات کی بہاریں
کیا کیا مچی ہیں یارو برسات کی بہاریں

ہر جا بچھا رہا ہے سبزا ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

جنگل میں ہورہے ہیں پیدا ہرے بچھونے
بچھوا دئے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے
کیا کیا مچی ہیں یارو برسات کی بہاریں

جو مست ہوں اُدھر کے کر شور ناچتے ہیں
پیارے کا نام لے کر کیا زور ناچتے ہیں
بادل ہوا سے گرکر گھنگھور ناچتے ہیں
مینڈک اُچھل رہے ہیں اور مور ناچتے ہیں
کیا کیا مچی ہیں یارو برسات کی بہاریں

بولیں بئے بٹیریں قمری پکارے کوُ،کو
پی پی کرے پپیہا بگلے پکارے تُو، تو
کیا ہُدہُدوں کی حُق حُق کیا فاختوں کی ہُو، ہو
سب رَٹ رہے ہیں تجھ کو، کیا پنکھ کیا پکھیرُو
کیا کیا مچی ہیں یارو برسات کی بہاریں

(نظیر اکبرآبادی)

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ		معانی
لہلہاہٹ	:	لہرانا
جھجھاہٹ	:	چمک دمک، بوندوں کے لگا تار گرنے کی آواز
قطرات	:	قطرے کی جمع، بوندیں
گھات	:	موقع، گھڑی
جا	:	جگہ، مقام
قدرت	:	فطرت، طاقت، خدا کی شان

سوچیے اور بتائیے

1. پہلے بند میں شاعر نے کیا کہا ہے؟
2. ''ہرے بچھونے'' سے کیا مراد ہے؟
3. ''ہر بات کے تماشے ہر گھات کی بہاریں'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
4. پرندے کس کی رٹ لگا رہے ہیں؟

ان لفظوں کے واحد لکھیے

باغات	قطرات	بوندوں	تماشے	بچھونے

مصرعے مکمل کیجیے

سبزوں کی.......... باغات کی بہاریں

..........کی جھمجھاہٹ، قطرات کی بہاریں

ہر جا بچھا رہا ہے سبزا ہرے..........

..........ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے

جو مست ہوں ادھر کے کر.......... ناچتے ہیں

املا درست کیجیے

باگات، کتراط صبزے مہق کمری فاکتوں

ان مصرعوں کو صحیح کر کے لکھیے

ہرجا بچھا رہاہے ہر جا ہرے بچھونے

قدرت کے بچھ رہے ہیں کیا کیا ہرے بچھونے

جنگل میں ہو رہاہے سبزا ہرے بچھونے

بچھوا دئے ہیں حق نے پیدا ہرے بچھونے

1. پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ		معنٰی
افتتاح	:	شروع کرنا
اساتذہ	:	استاد کی جمع
معذور	:	اپاہج، مجبور
ریاضی	:	حساب
مصروف	:	کام میں لگا رہنا
افراتفری	:	بھاگ دوڑ
آناً فاناً	:	جلدی
ترکیب	:	طریقہ
حاضر دماغی	:	ذہانت، سمجھ داری
حوصلہ مندی	:	ہمّت

2. سوچیے اور بتائیے

1. اسکول میں کیا ہونے والا تھا؟
2. سکینہ اور مالتی کون تھیں؟
3. سکینہ کا شوق کس چیز میں تھا؟
4. آگ پر قابو کیسے پایا گیا؟
5. سکینہ اور مالتی کو کون سا ایوارڈ ملا؟

3. اس سبق سے پانچ ایسے لفظ لکھیے جو "جمع" کے صیغے میں ہوں جیسے: اساتذہ، سہیلیاں وغیرہ

4. املا درست کیجئے ۔

معجور نجم ریاجی استکبال سدر

5. نیچے دیے گئے خانوں میں ہفتے کے دنوں کے نام لکھئے ۔

6. ہندسوں کے نام ساتھ جوڑ کر لفظ بنائیے ۔

مثال: لا+4 لاچار

بر+7

9+ کر

10+رتھ

30+را

100+ تن

7. خوشخط لکھئے ۔

دیکھتے دیکھتے افتتاح کا وقت آ گیا۔

....

....

....

....

....